پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu

ویب سائٹ:www.rbi.org.in

ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی-400001

فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

24اگست 2015

ریزروبینک نے کرشنا مرکنٹائل کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ بھوپال پر مالی جرمانہ عائد کیا

ریزروبینک نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے سیکشن (b)(I)47A اور سیکشن (4)46 کے تحت اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے (جیسا کہ کوآپریٹوسوسائٹیز پر لاگو ہے) کرشنا مرکنٹائل کوآپریٹو بینک لمیٹیڈ بھوپال پر 5لاکھ روپیہ کا مالی جرمانہ عائد کیا ہے۔کیونکہ کوآپریٹو بینک نے ریزروبینک کی ''اپنے گاہک کو پہچانئے'' اور ''منی لانڈرنگ مخالف'' قوانین وہدایات کی خلاف ورزی کی تھی۔

ریزروبینک نے کوآپریٹو بینک کو ایک ''شوکاز'' نوٹس جاری کیا تھا اسکے جواب میں کوآپریٹو بینک نے تحریری جواب دیا۔معاملہ کی حقیقت پر غور کرتے ہوئے اور اس معاملہ میں بینک سے حاصل جواب کو تسلی بخش نہ سمجھتے ہوئے ریزروبینک اس نتیجہ پر پہونچی کہ قوانین کی خلاف ورزیاں کی گئی ہیں لہٰذا اس پر مالی جرمانہ عائد کردیا گیا۔

سنگیتا داس

ڈائریکٹر

پریس ریلیز 2015-16/476